राज्य स्तरीय आकलन

सत्र 2019–20

सुझावात्मक गतिविधियाँ

हिन्दी / अंग्रेजी

FA	1

कक्षा : 6वीं — विषय : उर्दू

Paper Code : 6061 — पूर्णांक : 10

LO-LU603:۔ اپنی بات کو کھل کر اور وضاحت سے بیان کرئے

آموزشی ماحصل ہیں۔

عملی کام 1 :۔ کہانی سنانے کی صلاحیت — L4

تصویر کی مدد سے کہانی سنانے کی صلاحیت

ہدایت: 1۔استاد طلباء کو تصویر دکھائیں

2۔ طلباء کو تصویر کی مدد سے کہانی بولنے میں مدد کریں۔

3۔ ہر طلبہ سے انفرادی طور پر یہ عمل کرایا جائے۔

اس عملی کام سے طلباء میں کہانی بولنے کی صلاحیت پیدا ہوگی

مثال۔



عملی کام 2 :۔ تشدید کی سمجھ۔ L2

گفتگو کے ذریعے تشدید(ّ) والے نقطوں کی پہچان کرانا۔

ہدایت: 1۔ اُستاد طلباء سے رسدار پھلوں کے متعلق گفتگو کریں گے۔

مثال۔آم، موسبنی، سنترا وغیرہ

2۔ اُستاد کے ذریعے کچھ سوالات کئے جائں گے۔

جیسے۔ گرمی میں سب سے زیادہ پیا جانے والا رس۔

ممکنہ جواب بچّے کے پاس سے آئے گا۔

جیسے۔آم کا رس، گنّے کا رس

اُستاد تختہ سیاہ پر لفظ گنّا۔اور اس سے ملتے جُلتے الفاظ

جیسے۔بچّہ، ابّا، کتّا، چچّا، وغیرہ لکھیں گے۔

3۔ اُستاد۔ان الفاظ کو دہرانے کہنے گے۔ طلباء کو لفظ سے حرف کو الگ کرنے کہا جائے گا۔

اس طرح کے عملی کام کی مشق کے ذریعے طلباء میں تشدید کی سمجھ پیدا ہو جائے گی۔

عملی کام 3 :۔اداکاری L3

اداکاری کے ذیعے جانوروں اور پرندوں میں فرق واضع کرنا۔اور ان کی بولیوں کی پہچان کرانا۔

ہدایت 1:۔ اُستاد طلباء کو ان کے پسندیدہ جانوروں اور پرندوں کا رول دیں گے۔مثال کے طور پر کتّا، بلیّ، چڑیا، کوئل کبوتر وغیرہ۔

2:۔ طلباء سے ان جانوروں اور پرندوں کی آوازیں نکالنے کے لئے کہا جائے گا۔

3:۔ باقی طلباء کو آوازوں کو پہچان کر اس جانور یا پرندے کا نام بتانے کہا جائے گا۔

اس طرح کی اداکاری کے ذریعے طلباء جانوروں اور پرندوں کی بولیوں اور، بناوٹ میں فرق کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

LO-LU604 :۔انفرادی طور پر اور گروپ میں واقع بحث و مباحثہ میں ہر سطح کی اہلیت والے بچّے افعال شرکت کرتے ہیں۔

آموزشی ماحصل

عملی کام 1:۔حب الوطنی کا جذبہ L4

نظم کی مدد سے طلباء میں حب الوطنی کا جذبہ پیدا کرنا۔

ہدایت 1:۔ اُستاد موبائیل/ دگر اشیاء کی مدد سے آزادی یا ملک کی شان بیان کرنے والی نظم سُنائے۔

2:۔ طلباء نظم کو ترنم کے ساتھ دہرائیں۔

3:۔ اُستاد طلباء سے نظم کا مرکزی خیال نکلوائیں۔

4:۔ حب الوطنی کی نظمیں سُنانے کے لئے طلباء کا حوصلہ بلند کریں۔

عملی کام 2:۔ معنی خیز الفاظ کی تشکیل L3

حروفِ تہجی کے کارڈ (Flash Card) کی مدد سے طلباء نئے معنی خیز الفاظ کی تشکیل کرینگے۔

ہدایت 1:۔ استاد طلباء کو گروپ میں بانٹ لیں۔

2:۔ ہر گروپ کے ہر ایک بچہ کو ایک کارڈ دیا جائے۔

3:۔ ہر بچہ اپنے کارڈ کو دکھا کر حروف اور اسکی آواز بتائے گا

4:۔ طلباء اپنے گروپ میں بیٹھ کر نئے الفاظ بنا کر ایک کاغذ پر لکھے گا۔

5:۔ ہر گروپ اپنے کام کو استاد اور پوری کلاس کے سامنے پیش کریگا۔

عملی کام 3:۔ تصویر نگاری۔ L2

تصویر نگاری کی مدد سے واحد۔جمع کی پہچان کروانا

ہدایت 1:۔ اُستاد طلباء کو دو گروپ میں تقسیم کردیں۔

2:۔ ہر گروپ میں ایک ایک چارٹ پیپر دیا جائے گا۔(1/4 سائیز کا)

3:۔ استاد طلباء کو کچھ تصویریں بنانے کہیں گے۔

مثال:۔پتنگ، کتاب، چوڑی، انگوٹھی، پتّہ، پھول وغیرہ

1:۔ پہلا گروپ، مثالی چیزوں کی ایک ایک تصویر بنائے گا۔

2:۔ دوسرا گروپ: مثالی چیزوں کی ایک سے زیادہ تصویر بنائے گا۔

اس کے بعد استاد دونوں گروپ کے ایک ایک بچے کو بلا کر انکے ذریعے بنائی ہوئی تصویر کا مظاہرہ کرے گا۔اور اس کے بارے میں بچّوں سے گفتگو کرے گا۔اس طرح طلباء میں واحد اور جمع کا فرق سمجھ جائے گا۔اور ان میں واحد سے جمع بنانے کی صلاحیت پیدا ہو جائے گی۔